کل نمبر:25 اُردو (پنجم) ٹیسٹ نمبر 1 وقت:25 منٹ

تیسرا مہینا، دوسرا ہفتہ، چھٹا دن	**سلیبس:** دُہرائی ٹیسٹ سلیبس (دوسرا ہفتہ)

''حصہ اوّل''

سوال نمبر 1: درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ (12)

1۔ ''آخرت'' کا متضاد ہے:

(الف)	دُنیا	(ب)	معاشرہ	(ج)	عوام	(د)	ملت

2۔ ''نوید'' کا معنی ہے:

(الف)	خوش کلامی	(ب)	خوش نصیبی	(ج)	خوش خبری	(د)	خوش فہمی

3۔ ہمارے قومی ترانے کے بند شروع ہوتے ہیں:

(الف)	''ت'' سے	(ب)	''ب'' سے	(ج)	''پ'' سے	(د)	''ث'' سے

4۔ گل'' کا معنی ہے ''پھول'' اور ''گِل'' کا معنی ہوگا:

(الف)	گیلی مٹی	(ب)	خشک مٹی	(ج)	ٹھنڈی مٹی	(د)	بھوری مٹی

5۔ ''ماریہ ____ سبق یاد کیا۔'' علامتِ فاعل سے جملہ مکمل کریں۔

(الف)	نے	(ب)	سے	(ج)	پر	(د)	میں

6۔ خط کے ضروری اور بنیادی حصے ہیں:

(الف)	تین	(ب)	چار	(ج)	پانچ	(د)	چھے

7۔ یومِ مزدور منایا جاتا ہے:

(الف)	یکم۔مئی کو	(ب)	یکم۔اپریل کو	(ج)	یکم۔جون کو	(د)	یکم۔اگست کو

8۔ ریستوران، ہوٹل اور کیفے میں کیا کام ہوتا ہے؟

(الف)	پڑھنے لکھنے کا	(ب)	کھیتی باڑی کا	(ج)	کھانے پینے کا	(د)	علاج معالجے کا

9۔ قومی ترانہ قوم کو کرتا ہے:

(الف)	ہوشیار	(ب)	بیدار	(ج)	خبردار	(د)	تیار

☆ درج ذیل عبارت پڑھ کر سوال نمبر 11،10 اور 12 کے جواب دیں۔

شازیہ: ابو جان! ہمارا قومی ترانہ مشہور شاعر حفیظ جالندھری نے تخلیق کیا تھا۔ اس کی دُھن ایک مشہور موسیقار احمد غلام علی چھاگلا نے بنائی تھی۔ ابو جان: بہت خوب! اور مزے کی بات تو یہ تھی کہ دُھن پہلے بنائی گئی اور ترانے کے بول بعد میں لکھے گئے

تھے۔ ہمارا قومی ترانہ پہلی بار ۱۳۔ اگست ۱۹۵۴ء کو ریڈیو پاکستان سے نشر ہوا تھا۔ پورا قومی ترانہ بجنے میں تقریباً ایک منٹ اور بیس سیکنڈ لگتے ہیں۔

10۔ درج بالا عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟

(الف)	میری پہچان ہے تو	(ب)	رکھیں میرا خیال	(ج)	ہمارے پیشے	(د)	دُنیا آپ کی مٹھی میں

11۔ ہمارا قومی ترانہ کس شاعر نے لکھا ہے؟

(الف)	علامہ اقبالؒ	(ب)	صوفی غلام مصطفیٰ تبسم	(ج)	حفیظ جالندھری	(د)	فیض احمد فیض

12۔ قومی ترانے کی دھن کس موسیقار نے بنائی؟

(الف)	احمد غلام علی چھاگلا	(ب)	رشید عطرے	(ج)	نثار بزمی	(د)	طافو

''حصہ دوم'' (13)

سوال نمبر 1: ''انگور کھٹے ہیں'' کے عنوان پر کہانی لکھیں۔ (7)

''حصہ سوم''

سوال نمبر 1: مدرسہ چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ لینے کے لیے پرنسپل کے نام درخواست لکھیں۔ (6)